سوال

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اگر دوران وضو ترتیب بھول جائے یعنی پہلے ہاتھ دھولے اور پھر منہ دھوئے تو کیا وضو ہو جاتا ہے؟ جزاکم اللہ خیرا

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

راجح قول کے مطابق وضو میں ترتیب واجب ہے۔ امام شوکانی لکھتے ہیں: ''وضو میں ترتیب واجب ہے اور غیر مرتب وضو کفایت نہیں کرتا۔'' (السیل الجرار: 1/87) جہاں تک وضو میں ترتیب بھول جانے کا تعلق ہے تو ہمارے نزدیک اس صورت میں وضو دہرانا پڑے گا۔ نبی کریم ﷺ نے ایک دیہاتی سے کہا: ''توضا کما أمرک اللہ'' (بیہقی: 1/73) ''اسی طرح وضو کرو جیسے اللہ تعالیٰ نے تمہیں حکم دیا ہے۔'' شیخ صالح العثیمین لکھتے ہیں: أنہ فرض والفرض لایسقط بالنسیان ''وضو میں ترتیب واجب ہے اور یہ بھول جانے سے ساقط نہیں ہوتی۔''

وباللہ التوفیق

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث